5

# ہماری چھوٹی سی دنیا کی بڑی سی زمین



## تفصیل

پراجیکٹ کے تحت تربیت سے بچوں کو ہماری اس دنیا کے بارے میں پتہ چلے گا جہاں ہر طرح کے لوگ رہتے ہیں جس سے ان کے اندر دوسری ثقافتوں اور لوگوں کو برداشت کرنے کی صلاحیت پیدا ہو گی۔

## اہم سوال

ہماری یہ زمین کتنی بڑی ہے اور اس پر کس کس طرح کے لوگ رہتے ہیں؟

## مضامین

سوشل سائنسز، عالمی شہریت اور ریاضی

## کُل وقت درکار


5 گھنٹے 3 دن میں

## خود رہنمائی / زیرنگرانی سرگرمی

اس پروجیکٹ میں بچے کو والدین کی نگرانی کی زیادہ ضرورت ہو گی۔

## وسائل درکار

کاغذ ، پنسل ، رنگین قلم ، اور گلو




# پہلا دن




## پروجیکٹ کا تعارف

اس پراجیکٹ میں آپ مختلف موضوعات پڑھیں گے اور ایسے کام یا سرگرمیاں کریں گے جن سے ہمارے اردگرد کی دنیا کے بارے میں آپ کی معلومات بڑھیں گی۔




1. ہم جس سیارے پر رہتے ہیں اس کا نام کیا ہے؟ (جواب: زمین)
2. اس سیارے کی شکل کیسی ہے؟ (جواب: گول)
3. نظامِ شمسی میں اور بھی سیارے ہیں۔ کیا ان میں سے کسی سیارے پر زندگی کا سراغ ملا ہے؟ (جواب: نہیں، زمین واحد سیارہ ہے جہاں زندگی زندہ رہ سکتی ہے)

15 منٹ

# کچھ دنیا کی معلومات



اس تصویر کو دیکھیں اور بتائیں کہ زمین کی سطح پر سب سے زیادہ کون سی چیز موجود ہے؟ مٹی یا پانی؟ اس تصویر کو دیکھ کر بڑی آسانی سے اندازہ ہو جاتا ہے ناں؟ اب ہم دیکھیں گے کہ زمین کے اتنے بڑے رقبے کو ہندسوں میں کس طرح بتاتا ہے اور اس کا آسان طریقہ ہے فیصد کا طریقہ۔ کیا خیال ہے، مزہ آ رہا ہے ناں، کہ ہمیں اپنی اس زمین کے بارے میں بہت سی ایسی باتوں کا پتہ چل رہا ہے جو پہلے ہمیں معلوم نہیں تھیں؟ اب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ آپ کو کون کون سی باتیں معلوم ہیں؟



والدین کوشش کریں گے کہ وہ کرہ ارض کے مختلف حصوں مثلاً براعظموں، سمندروں، ملکوں اور لوگوں کی کچھ معلومات حاصل کر لیں۔ یہ بات ذہن میں رکھیں کہ بچوں سے اس طرح کے سوالات پوچھتے وقت اگر آپ کو ان کے جواب معلوم نہ بھی ہوں تو بھی کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ اس موقع سے فائدہ اٹھائیں، جیسے جیسے کرہ ارض کے بارے میں بچوں کی معلومات بڑھیں گی ویسے ہی آپ کی معلومات بھی بڑھتی جائیں گی۔

”زمین کی شکل بہت بڑی گیند جیسی ہے اور اس کی سطح پر آپ کو یہ نیلے اور بھورے رنگ کے نشان نظر آتے ہیں۔ بھورا رنگ خشکی کا ہے، جبکہ نیلا پانی کا۔ خشکی کے بڑے بڑے ٹکڑوں کو براعظم کہا جاتا ہے اور پانی کے بڑے بڑے ذخیروں کو سمندر کا نام دیا جاتا ہے۔ اب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ زمین کے بارے میں آپ کی معلومات کتنی ہیں اور ظاہر ہے اس طرح آپ کو ہماری اس چھوٹی سی دنیا کی بڑی سی زمین کے بارے میں نئی باتیں بھی معلوم ہوں گے“

## کچھ دنیا کی معلومات

| سوال | جواب |
|---|---|
| دنیا میں کتنے براعظم ہیں؟ | 7 |
| کیا آپ ان کے نام بتا سکتے ہیں؟ (ہو سکتا ہے بچے کو ان کے نام معلوم ہوں) | ایشیاء، افریقہ، انٹارکٹیکا، آسٹریلیا، یورپ، شمالی امریکہ، اور جنوبی امریکہ |
| ہم جس براعظم میں رہتے ہیں، کیا آپ کو اس کا نام معلوم ہے؟ | ایشیاء |
| دنیا میں کتنے سمندر ہیں؟ | 5 |
| کیا آپ ان کے نام بتا سکتے ہیں؟ (ہو سکتا ہے بچے کو ان کے نام معلوم ہوں) | بحر اوقیانوس، بحر الکاہل، ہندوستانی، آرکٹک، جنوبی (انٹارکٹک) بحر |
| دنیا میں کتنے ممالک ہیں؟ | 195 |
| کیا آپ ہمارے دو ہمسایہ ملکوں کے نام بتا سکتے ہیں؟ | ایران، افغانستان، چین، ہندوستان |
| دنیا میں کتنے لوگ رہتے ہیں؟ | Billion 7.8 |

# بڑے بڑے ہندسوں کو آسان بنانے کا طریقہ

40 منٹ

"زبردست، اب تک آپ کو یہ اندازہ تو ہو گیا ہو گا کہ ہماری یہ زمین کتنی بڑی ہے؟ اتنے زیادہ لوگ اور اتنے سارے ملک! ہمارا اپنا گاؤں/ شہر اس میں اتنا بڑا لگ رہا ہے، ذرا سوچیں پوری دنیا کتنی بڑی ہو گی؟ اب ہم اس طرح کی معلومات میں آنے والے بڑے بڑے ہندسوں کو دیکھ کر یہ سمجھنے کی کوشش کریں گے کہ ہماری زمین کتنی بڑی ہے"

## کیا آپ جانتے ہیں؟

**سطحِ زمین کا کل رقبہ کتنا ہے؟**
51 کروڑ 10 لاکھ مربع کلومیٹر

**سطحِ زمین پر کتنے رقبے پر خشکی ہے؟**
14 کروڑ 89لاکھ مربع کلومیٹر

- **ایشیا:** 4 کروڑ 46 لاکھ مربع کلومیٹر
- **افریقہ:** 3 کروڑ 31 لاکھ مربع کلومیٹر
- **شمالی امریکہ:** 2 کروڑ 47 لاکھ مربع کلومیٹر
- **جنوبی امریکہ:** 1 کروڑ 78 لاکھ مربع کلومیٹر
- **انٹار کٹیکا:** 1 کروڑ 42 لاکھ مربع کلومیٹر
- **یورپ:** 1 کروڑ 2 لاکھ مربع کلومیٹر
- **آسٹریلیا:** 77 لاکھ مربع کلومیٹر

**سطحِ زمین کے کتنے رقبے پر پانی موجود ہے؟**
36 کروڑ 17لاکھ مربع کلومیٹر

**سرزمین کا کل رقبہ جس پر تازہ پانی ہے، کتنا ہے؟**
1 کروڑ 8 لاکھ مربع کلومیٹر

**زمین کا کل رقبہ جس پر نمکین پانی ہے، کتنا ہے؟**
35 کروڑ 8 لاکھ مربع کلومیٹر

”ان پیمائشوں سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ ہماری زمین کتنی بڑی اور کتنی پھیلی ہوئی ہے! لیکن ان پیمائشوں کو یاد رکھنا تو بہت مشکل ہے ناں؟ کیونکہ یہ تو کروڑوں لاکھوں میں ہیں۔ اس طرح کی بڑی بڑی پیمائشوں کا حل ریاضی نے نکالا ہے فیصد تناسب کی شکل میں! فیصد تناسب کے طریقے سے آپ بڑی بڑی پیمائشوں، ہندسوں یا اعدادوشمار کو چھوٹا کر لیتے ہیں اور اس طرح انہیں یاد رکھنا آسان ہو جاتا ہے۔ یقیناً اب آپ یہ سوچ رہے ہوں گے کہ فیصد تناسب کیسے نکالتے ہیں۔ فیصد تناسب کا مطلب ہے آپ کسی چیز کو 100 برابر حصوں میں تقسیم کر دیتے ہیں اور پھر جو بھی تعداد بتانا ہو آپ اس کے بجائے اس کا 100 واں حصہ بتا دیتے ہیں۔

ہم سب کو 100 تک گنتی تو آتی ہے ناں؟ اب اگر کسی بہت بڑے ہندسے یا تعداد کو 1 سے 100 کے درمیان ہی رہتے ہوئے بتا سکیں تو یہ زیادہ آسان ہو گا ناں؟“



اب ہم زمین پر موجود خشکی اور پانی کے فیصد تناسب کا حساب لگاتے ہیں!
یہ بات ذہن میں رکھیں کہ فیصد تناسب کا حساب لگاتے وقت آپ کو درج ذیل معلومات کی ضرورت پڑتی ہے۔

1. کل تعداد کتنی ہے؟ اسے مقسوم علیہ یا انگریزی میں Denominator کہتے ہیں۔

2. اب یہ دیکھیں کہ ہم کس چیز کا حساب لگانا چاہتے ہیں؟ وہ کسر کا اوپر والا عدد ہو گا۔

3. تقسیم کے بعد آپ کو مکمل یا اعشاریہ والا عدد مل جائے گا۔

- اگر مکمل عدد ہو تو یہی آپ کا جواب ہو گا
- اگر اعشاریہ والا عدد ہو (مثلاً 0.39984) تو ’راؤنڈ‘ کا طریقہ استعمال کیا جائے گا۔ جواب حاصل کرنے کے لئے نیچے دیئے گئے کام اسی طرح باری باری کریں:
  - » ایسا عدد لیں جس میں اعشاریہ کے بعد دو ہندسے ہوں (مثلاً 0.39 )
  - » اعشاریہ کے بعد دوسرا ہندسہ اگر 5 سے کم ہو تو جس عدد کو راؤنڈ کرنا ہو اسے ویسے ہی رہنے دیں۔ اس صورت میں آپ کا جواب وہی رہ جائے گا۔ (مثلاً 0.24، 0.31 )
  - » اعشاریہ کے بعد دوسرا ہندسہ اگر 5 سے زیادہ ہو تو جس عدد کو راؤنڈ کرنا ہو اسے تبدیل کر لیں (مثلاً 0.40

طریقہ:

اوپر والے ہندسے کو مقسوم علیہ پر تقسیم کریں اور جو حاصل آئے اسے 100 سے ضرب دے دیں۔ چلیں اب ہم اس کی پریکٹس کرتے ہیں!

زمین کا کل رقبہ جس پر پانی ہے

معلومات :

زمین کا کل رقبہ: 51 کروڑ 1 لاکھمربع کلومیٹر

زمین کا کل رقبہجس پر پانی ہے: 36 کروڑ 17 لاکھمربع کلومیٹر

پہلا قدم: 36.17/51.01 = 071.

دوسرا قدم: 100 x0.71 = 71٪

زمین کے کل رقبہمیں سے 71 فیصد پر پانی ہے۔اب دیکھ لیں، کتنابڑا عدد تھا 36 کروڑ 17 لاکھمربع کلومیٹر اوراس کو یاد رکھنا کتنا آسان ہو گیا ؟

زمین کا کل رقبہ جہاں خشکی ہے

معلومات :

زمین کا کل رقبہ: 51 کروڑ 1 لاکھ مربع کلومیٹر

زمین کا کل رقبہ جس پر پانی ہے: 14 کروڑ 89 لاکھ مربع کلومیٹر

پہلا قدم: 14.89/51.01 = 029.

دوسرا قدم: 100 x0.29 = 29٪

زمین کے کل رقبہ میں سے 21 فیصد پر خشکی ہے۔ اب دیکھ لیں، کتنا بڑا عدد تھا36 کروڑ 17 لاکھ مربع کلومیٹر اوراس کو یاد رکھنا کتنا آسان ہو گیا ؟

اب ہم اس کا حساب لگاتے ہیں:

| پریکٹس کا سوال | معلومات | پہلا کام (اعشاریہ کے بعد دو ہندسے لائیں) | دوسرا کام | فیصد تناسب کیا ہے؟ |
|---|---|---|---|---|
| زمین پر براعظم ایشیا کا رقبہ زمین کے کل رقبے کا کتنے فیصد بنتا ہے؟ | زمین پر براعظم ایشیا کا کل رقبہ:148.9 مربع کلومیٹر (مقسوم علیہ)<br>زمین پر ایشیا کا کل رقبہ:44.58 مربع کلومیٹر (اوپر والا ہندسہ) | $\frac{44.58}{148.9} = 0.29$ | 0.29 x 100 = 29٪ | زمین کے کل رقبے میں ایشیا کا رقبہ 29 فیصد ہے! |
| زمین پر براعظم افریقہ کا رقبہ زمین کے کل رقبے کا کتنے فیصد بنتا ہے؟ | | | | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| زمین پر شمالی افریقہ کا رقبہ زمین کے کل رقبے کا کتنے فیصد بنتا ہے؟ | | | | |
| زمین پر جنوبی امریکہ کا رقبہ زمین کے کل رقبے کا کتنے فیصد بنتا ہے؟ | | | | |
| زمین پر انٹارکٹیکا کا رقبہ زمین کے کل رقبے کا کتنے فیصد بنتا ہے؟ | | | | |
| زمین پر یورپ کا رقبہ زمین کے کل رقبے کا کتنے فیصد بنتا ہے؟ | | | | |
| زمین پر آسٹریلیا کا رقبہ زمین کے کل رقبے کا کتنے فیصد بنتا ہے؟ | | | | |

والدین درج ذیل سوالات پوچھ سکتے ہیں:

1. دنیا کا سب سے بڑا براعظم کون سا ہے؟ جواب: ایشیا
2. دنیا کا سب سے چھوٹا براعظم کون سا ہے؟ جواب: آسٹریلیا

# دوسرا دن

## قابل غور باتیں

10 منٹ



”Olá ! کیا آپ اس کا مطلب جانتے ہیں؟ یہ سپین کی ہسپانوی زبان کا لفظ ہے اور ایسے ہی ہے جیسے انگریزی میں ہم ’ہیلو‘ اور اردو میں السلام علیکم کہتے ہیں۔ دنیا بھر میں 50 کروڑ افراد ایک دوسرے کو سلام کرنے کے لئے یہ لفظ استعمال کرتے ہیں۔ کل ہم نے زمین کے بارے میں پڑھا تھا اور آپ نے جو کیا وہ زبردست تھا۔ آج ہم اس گفتگو کو آگے بڑھائیں گے اور اپنی اس دنیا کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں گے۔ لیکن اس سے پہلے ہم کچھ سوالات پوچھیں گے اور یہ دیکھیں گے کہ کل ہم نے کیا کیا تھا“

1. ہم نے کل کیا سیکھا تھا؟
2. ہماری اس زمین پر کتنے براعظم اور سمندر ہیں، کیا آپ ان میں سے کچھ کے نام بتا سکتے ہیں؟
3. دنیا میں کتنے ملک ہیں؟
4. کیا آپ کو یاد ہے فیصد تناسب کس طرح نکالتے ہیں؟
5. آپ کو کس کام میں سب سے زیادہ مزہ آیا اور کیوں؟

# مشق کی تیاری

60
منٹ

بچے اب زمین کا تھری ڈی ماڈل/ نقشہ تیار کریں گے۔ اس سے پہلے ہم جو کچھ سیکھ چکے ہیں وہ اب اپنے مقاصد حاصل کرنے میں ہمارے کام آئے گا۔ تھری ڈی ماڈل/ نقشہ تیار کرنے کے لئے بچوں سے کہیں کہ وہ جیسے چاہیں، اس کو بنائیں، جو بھی طریقہ ان کی سمجھ میں آتا ہے، اور جو بھی چیزیں انہیں مل سکیں، انہیں استعمال کریں ور اپنا ماڈل یا نقشہ بنائیں۔

اشارہ: گلوب بنانے کے لئے مختلف چیزیں استعمال کی جا سکتی ہیں، مثلاً گول شکل کا کوئی ڈسپوزیبل یا کاغذی برتن استعال کر لیں، کاغذ پر پہلے لکیریں لگا کر اس کی تہیں بنا لیں اور باہر والی تہہ پر ڈرائنگ کر لیں یا کسی گیند پر ٹیپ یا کاغذ لپیٹ لیں۔ بچے اگر ابھی لکھ نہیں سکتے تو والدین ان سے کہہ سکتے ہیں کہ براعظموں اور سمندروں کے نام پہلے زبانی بولیں اور پھر ماڈل پر نقطے لگا کر اس پر لکھ لیں۔ اس سے بچے کی لکھنے کی پریکٹس بھی ہو جائے گی!

بچہ جب اپنا کام پورا کر لے تو اسے اپنے گھر والوں/ والدین کے سامنے پیش کرے اور درج ذیل پر بات کرے:

1. یہ کس طرح بنایا تھا؟
2. اسے بنانے کے لئے چیزیں آسانی سے مل گئی تھیں؟
3. ماڈل/ نقشے پر دکھائے گئے مختلف سمندروں اور براعظموں کو نمایاں کریں

والدین اس ماڈل/ نقشے کو دیکھیں اور اس بات کا جائزہ لیں کہ آیا یہ نیچے دیئے گئے ضروری تقاضوں کے مطابق ہے:

- ماڈل تھری ڈی میں ہے اور براعظموں اور سمندروں کے نام اس پر واضح طور پر لکھے ہوئے ہیں
- ماڈل پائیدار ہے اور گھر والے آئندہ بھی ضرورت پڑنے پر اسے استعمال کر سکتے ہیں
- بچوں نے اسے بنانے میں جو تخلیقی صلاحیت دکھائی ہے وہ کس حد تک متاثر کرنے والی ہے؟

**نوٹ:**

یہ بھی اس سرگرمی کے لئے ”طلبہ کی کارکردگی“ میں شمار ہو گی۔

# سرگرمی

20 منٹ

"اب تک ہمیں یہ تو معلوم ہو گیا ہے کہ ہم جس زمین پر رہتے ہیں یہ بہت بڑی ہے اور پوری دنیا میں اربوں لوگ رہتے ہیں۔ اب ہم یہ دیکھیں گے اگرچہ ہمارے ملک اور علاقے ایک دوسرے سے بہت دور دور ہیں لیکن پھر بھی ہم ایک دوسرے سے کس قدر جڑے ہوئے ہیں۔ اگلی سرگرمی میں ہم یہ دیکھیں گے کہ ہماری یہ فیملی کتنی بڑی اور دنیا میں کتنی پھیلی ہوئی ہے۔"



سرگرمی : والدین کی مدد سے بچے، اس طرح کے بہت سے سوالوں کے جواب دے سکتے ہیں جن سے انہیں اندازہ ہو سکتا ہے کہ دنیا آپس میں کس طرح جڑی ہوئی ہے (والدین صرف وہی سوالات چنیں جن کا موضوع کے ساتھ تعلق بنتا ہو)

- کیا ہمارے خاندان کا کوئی فرد یا افراد کسی دوسرے ملک/ براعظم میں رہتے ہیں؟
- کیا کسی دوسرے ملک یا براعظم میں ہمارے کوئی دوست ہیں؟
- کیا یہاں پر موجود کسی کو سلام دعا کا کوئی ایسا طریقہ معلوم ہے جس میں کسی اور زبان کے الفاظ استعمال ہوتے ہوں؟ یہ زبان کہاں سے شروع ہوئی؟
- کیا گھر کا کوئی فرد ایسا ہے جسے کسی دوسرے ملک/ کلچر کی کوئی ڈش اچھی لگتی ہو؟
- کیا گھر کا کوئی فرد ایسا ہے جس نے کسی دوسرے ملک کا سفر کیا ہو؟

# سرگرمی

15 منٹ

"ہم آپس میں جڑی دنیا میں رہتے ہیں جہاں دنیا کے کسی ایک حصے میں کچھ ہو تو اس کا اثر کسی نہ کسی طریقے سے باقی دنیا پر بھی پڑتا ہے۔ اس کی ایک تازہ ترین مثال کرونا وائرس کی وباء کو دیکھ لیں، جو دنیا کے ایک حصے سے شروع ہوئی، ایک سے دوسری جگہ پہنچی اور پھر اسی طرح پوری دنیا میں پھیل گئی۔ اس کرہ ارض پر سمندر بھی ہیں اور خشکی کے بڑے بڑے ٹکڑے بھی، لیکن اس کے باوجود ایک جگہ کے انسان دوسری جگہ والوں کی مختلف عادات کے منفی اثرات سے محفوظ نہیں رہ سکتے۔"

دنیا بھر کے حالات ہماری روزمرہ زندگی پر کس طرح اثر دکھاتے ہیں، اس کا اندازہ لگانے کے لئے آیئے کرونا وائرس کی وباء سے پیدا ہونے والی صورتحال پر ایک نظر ڈالتے ہیں:


- کیا آپ جانتے ہیں، اصل میں یہ کہاں سے شروع ہوئی؟ (کس شہر سے، کس ملک سے، کس براعظم سے)
- کیا آپ نقشے پر اس ملک پر نشان لگا کر بتا سکتے ہیں؟
- کیسی عجیب بات ہے کہ دور کہیں کسی شہر میں کوئی ایک شخص وائرس کا شکار ہوا اور پھر یہ بیماری پوری دنیا میں پھیل گئی اور اس نے ہر شخص کی زندگی پر اتنا شدید اثر ڈالا؟

60
منٹ

## اضافی سرگرمی: چیزیں کہاں سے اور کیسے شروع ہوتی ہیں

”ہمارے ارد گرد بے شمار چیزیں ہیں لیکن ہمیں یہ معلوم نہیں ہوتا کہ یہ کہاں ایجاد ہوئیں یا پہلی بار کس مقصد کے لئے استعمال کی گئیں؟ اب میں آپ سے کچھ سوالات پوچھنا چاہوں گا/ گی جن سے ہمیں پتہ چلے گا کہ روزمرہ زندگی میں ہم جو چیزیں اکثر استعمال کرتے ہیں وہ اصل میں کہاں سے آئیں؟ “

| ایجاد | ایجاد کرنے والے کا نام | ملک |
|---|---|---|
| لائٹ بلب | تھامس ایڈیسن | شمالی امریکہ |
| ٹیلی فون | الیگزینڈر گراہم بیل | اسکاٹ لینڈ |
| ہوائی جہاز | رائٹ برادرز | شمالی امریکہ |
| کیمرہ | جوہان زہن | جرمنی |
| ریڈیو | گگلیئلمو مارکونی | اطالوی |




## مزید قابل غور باتیں

5 منٹ

بچوں سے درج ذیل سوالات پوچھیں اور اس سے اندازہ لگائیں کہ اس سرگرمی کو انہوں نے کس حد تک سمجھا:

- ہمارے گھر میں جو اتنی ساری چیزیں ہیں، ان کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟
- کیا خیال ہے، ان پر کتنے لوگوں نے محنت کی ہو گی اور اس کے بعد یہ چیزیں ہمارے گھر تک پہنچی ہوں گی؟ (شروع میں کسی نے کہیں سے خام مال لیا، کسی نے فیکٹری میں ان پر کام کیا، کوئی ٹرک وغیرہ میں لاد کر انہیں لایا وغیرہ وغیرہ)
- کیا ہم یہ چیزیں اپنے ملک میں تیار کر سکتے ہیں؟

# تیسرا دن

## قابل غور باتیں

10
منٹ



”آج ہمارے اس پراجیکٹ، ”چھوٹی سی دنیا کی بڑی سی زمین“ کا آخری دن ہے اور مجھے یہ دیکھ کر بڑی خوشی اور فخر محسوس ہوتا ہے کہ ہم لوگوں نے اس کے دوران اتنا کچھ سیکھا۔ مجھے پورا یقین ہے کہ آج آخری دن ہم جو کچھ کریں گے اس میں بھی آپ کو اسی طرح مزہ آئے گا جس طرح پچھلے دو دنوں میں آیا ہے۔ پہلے ہم یہ دیکھ لیتے ہیں کہ کل ہم نے کیا کچھ سیکھا تھا“

1. کیا آپ کو یاد ہے کہ کل ہم نے کون کون سی باتیں سیکھی تھیں؟
2. کیا آپ کے خاندان یا گھر کا کوئی فرد یا افراد ملک سے باہر رہتے ہیں؟
3. کیا آپ کے ذہن میں ایسی کسی چیز کا نام آ رہا ہے جو کسی ایک ملک سے شروع ہوئی لیکن اس کا اثر پوری دنیا پر پڑا؟
4. کیا آپ دوسرے ملکوں میں ہونے والی کچھ ایسی ایجادات کے نام بتا سکتے ہیں جو ہمارے ہاں عام استعمال ہوتی ہیں؟
5. آپ کو کون سی سر گرمیوں میں سب سے زیادہ مزہ آیا اور کیوں؟

30
منٹ

# سرگرمی: ایک دوسرے کو برداشت کرنے کی صلاحیت

"ہماری یہ دنیا، جس میں ہم رہتے ہیں، یہاں ہمارے ساتھ 195 ملکوں میں 7.7 ارب لوگ رہتے ہیں۔ اس کے باوجود بہت سی باتیں ایسی ہیں جو ہمارے درمیان ایک جیسی یا مشترک ہیں اور لاتعداد ایسی باتیں ہیں جو مختلف ہیں۔ یہی وہ مختلف باتیں ہیں جو ہمیں منفرد اور دلچسپ بناتی ہیں کیونکہ اگر سب کچھ ایک جیسا ہوتا تو ہم اس سے بور ہو جاتے! کتنا مزہ آتا ہے جب ہم مختلف ملکوں یا ثقافتوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے ملتے ہیں جو اتنی ساری مختلف زبانیں بولتے ہیں؟"

آج آپ شناختی کارڈ کا یہ فارم پر کریں گے اور پھر اپنے والدین کے ساتھ اس پر بات کریں گے۔

| وہ چیزیں جو میں نے خود اپنے لئے منتخب نہیں کیں | وہ چیزیں جو میں نے اپنے لئے خود منتخب کیں |
|---|---|
| نام | میری پسندیدہ ڈش |
| شہریت | میرا سپر ہیرو |
| مذہب | پسندیدہ کہانی |
| آنکھوں کی رنگت | پسندیدہ کھیل |

←

| وہ چیزیں جو میں نے خود اپنے لئے منتخب نہیں کیں | وہ چیزیں جو میں نے اپنے لئے خود منتخب کیں |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |

45
منٹ

# گفتگو

والدین کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اپنے بچے/ بچوں کے بنائے ہوئے شناختی کارڈ پر تفصیل کے ساتھ گفتگو کریں۔ گفتگو کو آگے بڑھائیں اور خاص طور پر اس موضوع کی طرف لائیں کہ ان باتوں کو سمجھیں جو ہمارے درمیان مختلف ہیں اور ان چیزوں کو جو ہم نے اپنے لئے خود منتخب نہیں کیں لیکن یہ لوگوں کے درمیان رکاوٹیں پیدا کرتی ہیں۔ "ہے ناں عجیب بات کہ ہم اپنے دل میں دوسرے لوگوں کے بارے میں ایسی باتیں رکھے پھرتے ہیں جو ہمارے کنٹرول میں ہی نہیں ہیں؟ مثلاً کسی کی رنگت، کسی کی ذات یا پھر برادری جس میں وہ پیدا ہوا، یا جو زبان وہ بولتا ہے یا بولتی ہے۔ بے وقوفی والی بات تو لگتی ہے ناں کہ ہم ان باتوں کو مسئلہ بنا کر آپس میں ایک دوسرے کے درمیان دیواریں کھڑی کر لیتے ہیں؟

1. وہ کون کون سی باتیں ہیں جو ہمارے خاندان میں مشترک ہیں؟
2. وہ کون کون سی باتیں ہیں جو ہمارے خاندان میں مختلف ہیں؟
3. کیا خیال ہے، دنیا میں دوسری جگہوں پر دوسرے بچے بھی ہوں گے جن کے اندر آپ سے ملتی جلتی بہت سی باتیں ہوں گی؟
4. آپ اگر کوئی گیم کھیلنا چاہتے ہیں تو کس کے ساتھ کھیلنا چاہیں گے، اپنے والدین کے ساتھ یا کسی دوسرے ملک کے کسی بچے کے ساتھ؟ کیوں؟

15
منٹ

## قابل غور سوالات

آپ کو اپنے بچے یا بچوں سے اس طرح کے سوالات پوچھنے چاہئیں:

1. جب آپ ذرا مختلف رنگت والے بچے کو دیکھتے ہیں تو آپ کے ذہن میں کیا خیال آتا ہے؟ کیا آپ کے ذہن میں یہ بات آتی ہے کہ بہت سی باتیں ایسی بھی ہوں گی جو آپ میں اور اس میں مشترک ہوں گی؟
2. اگر آپ کا کوئی ایسا دوست ہو جس کا مذہب کچھ اور ہو، اس کے مذہبی تہوار پر آپ اسے کیا تحفہ دیں گے؟
3. کوئی دوسری زبان بولنے والے بچے کو آپ کس طرح جواب دیں گے یا اس کے ساتھ کس طرح بات کریں گے؟
4. اگر کوئی بچہ آپ کی نسبت کوئی مختلف صلاحیتیں رکھتا ہو، مثلاً چلنے پھرنے کے قابل نہ ہو لیکن بہت ذہین ہو، تو اس کے ساتھ آپ کا رویہ کیسا ہو گا؟

”بہت خوب، ہمارا ایک اور پراجیکٹ مکمل ہوا۔ زبردست! اس پراجیکٹ سے ہمیں یہ معلوم ہوا کہ ہماری اس چھوٹی سی دنیا کی بڑی سی زمین پر 7.7 ارب لوگ رہتے ہیں، جو ایک دوسرے سے مختلف زبانیں بولتے ہیں، مختلف کپڑے پہنتے ہیں، مختلف کھانے کھاتے ہیں، اور مختلف مذاہب کو مانتے ہیں۔ ہے ناں یہی اس دنیا کی خوبصورتی جس میں ہم رہتے ہیں؟ لوگوں کا یہ مختلف ہونا ہماری کمزوری نہیں بلکہ ہماری خوبی اور ہماری مضبوطی ہے۔ ہم سب کو امن کے ساتھ، مل جل کر رہنا چاہئے، اور ہمارے درمیان جو باتیں مختلف ہیں ان پر آپس میں لڑنے کے بجائے ان پر خوش ہونا چاہئے۔ ذرا سوچیں، اگر ہر شخص ایک دوسرے سے پیار کرے تو ہماری یہ دنیا کیسی ہو گی؟ ہے ناں مزیدار بات! آئیں، دنیا کو ایسی جگہ بنانے کے لئے آج سے ہی کام شروع کرتے ہیں۔ اس کے لئے سب سے پہلا کام یہ کریں کہ دوسروں کے ساتھ اس فرق سے جان چھڑائیں!“